ہندوستان-بنگلہ دیش مشترکہ مشاورتی کمیشن کی تیسری میٹنگ

15 ستمبر (آئی این ایس انڈیا)

ہندوستان-بنگلہ دیش مشترکہ مشاورتی کمیشن (جے سی سی) کی تیسری میٹنگ ہندوستانی وزیر خارجہ اور بنگلہ دیشی وزیر خارجہ کی صدارت میں 20 ستمبر کو نئی دہلی میں منعقد ہوگی۔ بنگلہ دیش کے وزیر خارجہ عزت مآب عبدالحسن محمود علی دورۂ ہند کے لیے اس اعلیٰ سطحی وفد کی اس میٹنگ کے دوران قیادت کریں گے۔

جے سی سی کو ''فریم ورک تعاون معاہدہ برائے ترقی'' کے تحت منظوری ملی تھی ،اور ستمبر 2011 میں وزیر اعظم منموہن سنگھ کے دورۂ بنگلہ دیش کے دوران اس پہ دستخط ہوئے تھے۔ جے سی سی کی پہلی میٹنگ مئی 2012 میں نئی دہلی میں منعقد ہوئی تھی اور دوسری میٹنگ فروری 2013 میں ڈھاکہ میں منعقد ہوئی تھی۔

جے سی سی کی آئندہ منعقد ہونے والی میٹنگ مختلف شعبوں میں تعلقات کی پیش رفت کا جائزہ لینے،مضبوط علاقوں کی شناخت اور باہمی شراکت کی ترقی کے لئے ہدایت دینے پر توجہ مرکوز کرے گی۔

بنگلہ دیش کے وزیر خارجہ ہندوستان میں اپنے قیام کے دوران عزت مآب صدر جمہوریہ ہند اور عزت مآب وزیر اعظم ہند سے ملاقات کریں گے۔اس کے علاوہ ہندوستانی کابینہ کے مختلف ممبران کے ساتھ علاحدہ میٹنگ بھی ان کے پروگرام میں شامل ہے۔

نئی دہلی

15 ستمبر 2014